asan-urdu-shayiri-ebooks

https://www.rekhta.org/ebooks/asan-urdu-shayiri-ebooks

آسان اردو شاعری

مُرتّبین

روپ کرشن بھٹ

تبسّم نقی

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان
وزارتِ ترقی انسانی وسائل حکومت ہند
ویسٹ بلاک 1، آر۔ کے۔ پورم، نئی دہلی 110066

Asan Urdu Shairi

Compiled by

Dr. Roop Krishan Bhat

Tabassum Naqi

سنہ اشاعت :

پہلا ایڈیشن : 2004

چوتھا ایڈیشن : جنوری 2006، تعداد : 10000

سلسلۂ مطبوعات : 1171

ISBN : 81-7587-068-0

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، ویسٹ بلاک 1، آر۔ کے۔ پورم، نئی دہلی-110066

فون نمبر: 26103938، 26103381، 26179657، فیکس: 26108159

ای۔میل: urducoun@ndf.vsnl.net.in، ویب سائٹ: www.urducouncil.nic.in

طابع: جے۔ کے۔ آفسیٹ پرنٹرس، جامع مسجد، دہلی-006 110

پیش لفظ

اُردو کی مقبولیت میں اُردو شاعری کا ایک اہم مقام ہے۔جو نہ صرف بادشاہوں کے درباروں، خواصوں کی محفلوں تک محدود رہی بلکہ اسے گلی کوچے کے عوام میں بھی مقبولیت کا شرف حاصل ہے۔ اردو شاعری میں غزل کی کیا اہمیت ہے اس کا اندازہ اردو کے اہم ناقد پروفیسر رشید احمد صدیقی کے اس جملے سے کہ ''غزل اُردو شاعری کی آبرو ہے'' لگایا جا سکتا ہے۔ گویا جہاں جہاں اردو زبان کی باتیں ہوں گی وہاں وہاں اردو شاعری کا ذکر بھی عام ہوگا۔ اس سے ظاہر ہے کہ جو بھی کوئی اردو زبان سیکھنا چاہے گا وہ اردو شاعری سے لطف اندوز ہونے کی خواہش رکھتا ہوگا۔ چوں کہ عہد حاضر میں اردو زبان و ادب سیکھنے والوں کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے اور جس کا کونسل کو احساس بھی ہے۔ لہذا ایسے شائقینِ اردو کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے قومی اردو کونسل نے یک سالہ ڈپلوما کورس ان اردو لینگویج فاصلاتی نظامِ تعلیم کی طرز پر شروع کیا ہے۔ جس کی نصابی کتب میں سے ''آسان اردو شاعری'' ایک ہے۔

پیشِ نظر کتاب میں اردو شاعری کے اُن مشہور و معروف شعراء کی کل 15 غزلیں اور نظمیں شامل کی گئی ہیں جنھوں نے اپنی شاعری کے ذریعے اردو زبان و ادب کو لاثانی بنا دیا ہے۔ غزلوں اور نظموں کے انتخاب میں یہ خاص خیال رکھا گیا ہے کہ ان کی زبان آسان، سلیس، عام فہم اور موضوع دلچسپ ہو تا کہ طلبا ان کو آسانی سے پڑھ کر لطف اٹھا سکیں اور ان کا ذوقِ مطالعہ تیز سے تیز تر ہو سکے۔

کونسل ان تمام ادیبوں، ماہر لسانیات، اسکالرس اور خاص کر پروفیسر شکیل اختر فاروقی کی مشکور ہے۔ جنھوں نے بڑے غور و فکر کے بعد موجودہ کتاب کی ترتیب میں کونسل کی مدد کی۔ ہمیں امید ہے کہ قومی اُردو کونسل کے ذریعہ مرتب کی گی یہ کتاب اُردو زبان و ادب کے سیکھنے والوں میں بے حد مقبول ہوگی۔

ایس۔موہن

ڈائرکٹرانچارج

ترتیب

1

ساری دُنیا کے مالِک

اے ساری دُنیا کے مالِک — راجا اَور پرجا کے مالِک
سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے
ناو جگت کی کھینے والے — دُکھ میں سہارا دینے والے
جوت ہَے تیری جل اَور تھل میں — باس ہَے تیری پھوُل اَور پھل میں
ہر دِل میں ہَے تیرا بسیرا — توُ پاس اَور گھر دوُر ہَے تیرا
توُ ہَے اکیلوں کا رکھوالا — توُ ہَے اندھیرے گھر کا اُجالا
بے آسوں کی آس توُ ہی ہَے — جاگتے سوتے پاس توُ ہی ہَے
سوچ میں دل بہلانے والا — بِپتا میں یاد آنے والا
ہِلتے ہَیں پتے تیرے ہِلائے — کھِلتی ہَیں کلیاں تیرے کھِلائے

توُ ہی ڈبوئے توُ ہی ترائے
توُ ہی بیڑا پار لگائے

(الطاف حسین حاؔلی)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

to paddle (boat)	नाव खेना	کھینا
light, Flame	रोशनी, प्रकाश	جوت
land	खुशकी, स्थल	تھل
hope	आशा, उम्मीद	آس
problem	मुसीबत, समस्या	بپتا

❖❖❖

2

ہمارا وطن

یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن مُحبت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

وُہ اِس کے درختوں کی تیاریاں وُہ پھل پھُول پودے وُہ پُھلواریاں
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

ہوا میں درختوں کا وُہ جھُومنا وُہ پتّوں کا پھُولوں کا مُنہ چُومنا
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

وُہ ساون میں کالی گھٹا کی بہار وُہ برسات کی ہلکی ہلکی پھوہار
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

وُہ باغوں میں کوئل وُہ جنگل کے مور وُہ گنگا کی لہریں وُہ جمنا کا زور
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

اِسی سے ہے اِس زِندگی کی بہار   وطن کی محبّت ہو یا ماں کا پیار
ہمارا وطن دِل سے پیارا وطن

(برج نرائن چکبست)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

a person who is one's heart delight	बहुत प्यारा	آنکھوں کا تارا
gathering of black clouds	काली घटा	کالی گھٹا
drizzling	फुहार	پھُوہار
pleasure of life	जीवन की खुशहाली	زِندگی کی بہار

❖❖❖

3

پرندے کی فریاد

آتا ہے یاد مُجھ کو گُزرا ہُوا زمانہ
وُہ باغ کی بہاریں وُہ سب کا چہچہانا
آزادیاں کہاں اب وُہ اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
لگتی ہے چوٹ دِل پر آتی ہے یاد جِس دم
شبنم کے آنسوؤں پر کلیوں کا مُسکرانا
وُہ پیاری پیاری صوُرت وُہ کامنی سی مؤرت
آباد جس کے دم سے تھا میرا آشیانہ
آتی نہیں صدائیں اُس کی مرے قفس میں
ہوتی مِری رِہائی اے کاش میرے بس میں
کیا بد نصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں، میں قید میں پڑا ہوں

آئی بہار، کلیاں پھولوں کی انجمن میں
میں اِس اندھیرے گھر میں قِسمت کو رو رہا ہوں
اِس قید کا الٰہی دُکھڑا کِسے سُناؤں
ڈر ہَے یہیں قفس میں، میں غم سے مر نہ جاؤں
(علّامہ اِقبالؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

dew	ओस	شبنم
nest	घोंसला	آشیانہ
call	पुकार, आवाज़	صدا
cage	पिंजरा	قفس
god	ईश्वर / भगवान	الٰہی

❖❖❖

4

آدمی نامہ

دُنیا میں بادشاہ ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی
اَور مُفلِس و گدا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی
زردار بے نوا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی
نعمت جو کھا رہا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی
ٹکڑے جو مانگتا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہَے آدمی
اَور آدمی ہی تیغ سے مارے ہَے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہَے آدمی
چلّا کے آدمی کو پُکارے ہَے آدمی
اَور سن کے دوڑتا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی

اشراف اَور کمینے سے لے شاہ تا وزیر
ہَیں آدمی ہی صاحبِ عزّت بھی اَور حقیر
یاں آدمی مُرید ہَیں اَور آدمی ہی پیر
اچھا بھی آدمی ہی کہاتا ہَے اے نظیرؔ
اَور سب میں جو بُرا ہَے، سو ہَے وُہ بھی آدمی

(نظیرؔ اکبرآبادی)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

poor	निर्धन	مُفلس
beggar	निर्धन, भिखारी	گدا
rich	धनी	زردار
poor	निर्धन	بے نوا
to sacrifice the life	बलिदान देना	جان کو وارنا
to dishonour	अपमानित करना	پگڑی اُتارنا
sword	तलवार	تیغ

elites, gentleman	सभ्य एवं उच्च वर्ग के लोग	اشراف
king	राजा	شاہ
respected	सम्मानित व्यक्ति	صاحبِ عزّت
mean	तुच्छ	حقیر
disciple	चेला	مُرید
spiritual guide	गुरू	پیرٗ
called	कहलाता	کہاتا

❖❖❖

5

ہم بادل کہلاتے ہَیں

زور کی گرمی جب پڑتی ہے
ہند مہاساگر سے اُٹھ کر بھارت پہ چھا جاتے ہَیں
تیز چلا کر اپنے پنکھے گرمی دوُر بھگاتے ہَیں
ساری رُت بدلاتے ہَیں
ٹھنڈی ٹھنڈی مست ہوائیں دامن میں بھر لاتے ہَیں
ہم بادل کہلاتے ہَیں
بادل بننے سے پہلے ہم پانی ہی کہلاتے ہَیں
جب ہم پر پڑتی ہَیں رکرنیں ہم بادل بن جاتے ہَیں
بادل بن کر جب اُڑتے ہَیں پربت سے ٹکراتے ہَیں
ہم بارِش لے آتے ہَیں
ٹھنڈی ٹھنڈی مست ہوائیں دامن میں بھر لاتے ہَیں
ہم بادل کہلاتے ہَیں

جب ہم آکر ہندستان کی دھرتی پر چھا جاتے ہیں
اپنے اپنے کھیتوں میں ہل والے ہل لے آتے ہیں
ہل وہ چلاتے ہیں جب اپنا ہم پانی برساتے ہیں
مِل کر اناج اُگاتے ہیں
ٹھنڈی ٹھنڈی مست ہوائیں دامن میں بھر لاتے ہیں
ہم بادل کہلاتے ہیں

(جگن ناتھ آزاد)

مُشکل الفاظ اَور اس کے معنی

ocean	महासागर	مہاساگر
hem of a shirt	दामन / आँचल	دامن
mount	पहाड़ / पर्वत	پربت
earth	धरती, ज़मीन	دھرتی

❖❖❖

6

مِٹّی کا دِیا

جُھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹّی کا دِیا
ایک بُڑھیا نے سرِ رہ لا کے روشن کر دیا

تا کہ رہ گیر اَور پردیسی کہیں ٹھوکر نہ کھائیں
راہ سے آساں گزر جائے ہر ایک چھوٹا بڑا

یہ دِیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اَور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

گر نِکل کر اک ذرا محلوں کے باہر دیکھیے
ہے اندھیرا گُھپ در و دیوار پر چھایا ہوا

سُرخ رُو آفاق میں وُہ رہ نُما مینار ہَیں
روشنی سے جن کی ملّاحوں کے بیڑے پار ہَیں

(الطاف حُسین حالیؔ)

مُشکل الفاظ اَور اُن کے معنی

twilight	शाम का समय	جُھٹ پٹے کا وقت
road side	रास्ते के किनारे	سرِ راہ
traveller	यात्री	راہ گیر
always	सदैव / हमेशा	سدا
successful	सफल	سُرخ رو
horizon	क्षितिज / संसार	آفاق
indicative tower	प्रकाश स्तम्भ	رہ نما مینار
boatman, sailor	नाविक	ملّاح
boat	नाव	بیڑا

سُرخ رُو آفاق میں وُہ رہ نُما مینار ہَیں
روشنی سے جن کی ملّاحوں کے بیڑے پار ہَیں

(الطاف حُسین حالیؔ)

مُشکل الفاظ اَور اُن کے معنی

twilight	शाम का समय	جُھٹ پٹے کا وقت
road side	रास्ते के किनारे	سرِ راہ
traveller	यात्री	راہ گیر
always	सदैव / हमेशा	سدا
successful	सफल	سُرخ رو
horizon	क्षितिज / संसार	آفاق
indicative tower	प्रकाश स्तम्भ	رہ نما مینار
boatman, sailor	नाविक	ملّاح
boat	नाव	بیڑا

❖❖❖

7

برسات

وہ دیکھو اُٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا

گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہُوئی
ہوا میں بھی اِک سنسناہٹ ہُوئی

گھٹا آن کر مینھ جو برسا گئی
تو بے جان مٹی میں جان آگئی

زمیں سبزے سے لہلہانے لگی
کِسانوں کی محنت ٹھکانے لگی

جڑی بوٹیاں، پیڑ آئے نِکل
عجب بیل پتے، عجب پھول پھل

ہر ایک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے
ہر اک پھول کا اک نیا رنگ ہے

ہزاروں پُھدکنے لگے جانور
نِکل آئے گویا کہ مٹی کے پر

جہاں کل تھا میدان چٹیل پڑا
وہاں آج ہے گھاس کا بن کھڑا

یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا
کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا

(اسماعیل میرٹھی)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

foot fall	आहट	آہٹ
trembling	सनसनाहट	سنسناہٹ
barren	बंजर	چٹیل
forest	जंगल	بن
condition	हाल, चमत्कार	ماجرا
greenery	हरियाली	سبزہ

❖❖❖

8

شام

سُورج ڈُوبا، ہُوا اندھیرا
چڑیاں لینے لگیں بسیرا

دن کا غائب ہوا اُجالا
تاریکی نے پردہ ڈالا

جلنے لگے دِیے گھر گھر میں
گرجا، مسجِد اَور مندِر میں

چرخِ بریں پر چمکے تارے
بے روغن ہَیں روشن سارے

جنگل سے گھر آئے گوالے
ریوڑ اپنا اپنا سنبھالے

جا پہُنچے مزدُور گھروں میں
خُوش خُوش ہَیں بیوی بچّوں میں

دِن میں کب آرام کِیا ہے
خوٗن پسینہ ایک کِیا ہے

نیند میں غافل ہو گئے بچّے
سو گئے لوری سُنتے سُنتے

(جوالا پرشاد برقؔ لکھنوی)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

take refuge	घोंसले मे आना	بسیرا لینا
darkness	अंधेरा	تاریکی
over shadow	छुपा लेना	پردہ ڈالنا
high sky	ऊँचा आकाश	چرخِ بریں
without oil	बिना तेल के	بے روغن
flock	गाय-भैसों का झुण्ड	ریوڑ
toil	कठिन परिश्रम करना	خوٗن پسینہ ایک کرنا

9

بادل اَور تارے

ختم ہوا دِن، سوُرج ڈوُبا — شام ہُوئی اَور اُبھرے تارے
جگ مگ جگ مگ کرتے آئے — نوُر کے ٹکڑے پیارے پیارے

دوُر کہیں سے ٹھنڈے ٹھنڈے — تیز ہوا کے جھونکے آئے
کاندھوں پر اپنے وُہ اُٹھا کر — چھوٹے چھوٹے بادل لائے

اُن کو دیکھ کے اَور بھی برسا — نوُر مسرّت کا تاروں سے
کوئی چُھپا اَور کوئی نِکلا — بادل کے ان انباروں سے

کھیل رہے ہوں جیسے بچّے آنکھ مچولی گلی گلی میں
یا شبنم کے قطرے چمکیں اوجھل ہو کر گلی گلی میں

(تلوک چند محرومؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

light	प्रकाश	نُور
pleasure	प्रसन्नता, उल्लास	مسرّت
heap	ढेर	انبار
drop	बूंद	قطرہ
to be invisible from view	नज़र न आना, ग़ायब हो जाना	اوجھل ہونا

10

غزل

ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

نہ سنو گر بُرا کہے کوئی
نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی

روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو ،گر خطا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

جب توقّع ہی اُٹھ گئی غالبؔ
کیوں کِسی کا گِلا کرے کوئی

(مرزا غالبؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

son of Mary jesus christ	मरियम का बेटा अर्थात ईसा मसीह	اِبنِ مریم
to treatment	इलाज करना	دوا کرنا
to forgive	क्षमा करना	بخش دینا
to commit a mistake	गलती करना	خطا کرنا
needy	ज़रूरतमंद	حاجت مند
to solve a problem	समस्या का समाधान करना	حاجت روا کرنا
hope	आशा	توقّع
complain	शिकायत	گِلا

22

11

غزل

نہ جانا کہ دُنیا سے جاتا ہے کوئی
بہت دیر کی مہرباں آتے آتے

نتیجہ نہ نکلا تھکے سب پیامی
وہاں جاتے جاتے یہاں آتے آتے

سُنانے کے قابل جو تھی بات اُن کو
وہی رہ گئی درمیاں آتے آتے

کسی نے کچھ اُن کو اُبھارا تو ہوتا
نہ آتے نہ آتے یہاں آتے آتے

نہیں کھیل اے داغؔ یاروں سے کہہ دو
کہ آتی ہے اُردو زباں آتے آتے

(نواب مرزا خاں داغؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

messenger	संदेशवाहक	پیامی
in between	बीच में	درمیاں
to provoke	उकसाना	اُبھارنا
mercy / kind	कृपा, दया	مہربانی
result	परिणाम	نتیجہ

12

غزل

آپ کی یاد آتی رہی رات بھر
چشمِ نم مُسکراتی رہی رات بھر

رات بھر درد کی شمع جلتی رہی
غم کی لو تھرتھراتی رہی رات بھر

بانسری کی سریلی سہانی صدا
یاد بن بن کی آتی رہی رات بھر

یاد کے چاند دل میں اترتے رہے
چاندنی جگمگاتی رہی رات بھر

کوئی دیوانہ گلیوں میں پھرتا رہا
کوئی آواز آتی رہی رات بھر

(مخدوم محی الدّین)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

tearful eyes	भरी हुई आँखें	چشمِ نم
flame	लौ	لو
mad, crazy	दीवाना	دیوانہ

❖❖❖

13

بچّے کی دعا

لب پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
زِندگی شمع کی صوُرت ہو خُدایا میری

دوُر دُنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے

ہو مرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھوُل سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زِندگی ہو مری پروانے کی صوُرت یارب
علِم کی شمع سے ہو مُجھ کو محبّت یارب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے مُحبت کرنا

میرے اللہ بُرائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو، اس رہ پہ چلانا مجھ کو

(علاّمہ اِقبالؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اس کے معنی

lip	ओंठ	لب
desire	इच्छा	تمنّا
like to	जैसा / तरह	صوُرت
O, God	हे भगवान	خُدایا
beauty	सजावट	زینت
garden	फुलवारी	چمن
moth	पतंगा	پروانہ
candle	लौ / प्रकाश	شمع
help	सहायता	حمایت

kind	दयालु	دردمند
old	बूढ़ा, कमज़ोर	ضعیف
way, path	पथ	راہ
way, path	पथ	رہ

❖❖❖

14

پھول پھل

کھلے پھول بیلے کے وہ لاجواب
وہ پھولے ہزاروں طرح کے گلاب

وہ پھولی چنبیلی، کھلا موگرا
کھلی چاندنی باغ میں جا بہ جا

وہ پھولی نواڑی کھلی کاسنی
وہ لالہ کھلا وہ کھلی کامنی

یہ فطرت کا ہے قدرتی انتظام
کھلے پھول لاکھوں طرح کے تمام

وہ انگور وہ رس بھری لیچیاں
لٹکتی ہیں آموں میں وہ کیریاں

بہی، سیب، امرود پکنے لگے
وہ شاخوں میں گولے چمکنے لگے

اناروں میں کلیاں بھی لو آگئیں
وہ کیلوں کی پھلیاں بھی گدرا گئیں

وہ پک کر شریفے بھی سب کھل گئے
ٹپک پڑتے ہیں وہ ذرا ہل گئے

لدی ہیں درختوں پہ نارنگیاں
جھکی پڑتی ہیں بوجھ سے ڈالیاں

وہ پھولا ہوا ڈھاک بھی ہر طرف
اگائے ہے اک آگ سی ہر طرف

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

matchless,	बेमिसाल / लाजवाब	لاجواب
a kind of a flower	चाँदनी	چاندنی
purple	हल्के नीले रंग का	کاسنی
a kind of a flower	कामनी	کامنی
a kind of a-flower	निवाड़ी	نِواڑی
place to place	जगह जगह पर	جا بہ جا
nature	प्रकृति	فِطرت
unriped mango	कच्चे आम	کیری

❖❖❖

15

خواب بسیرا

اِس وقت تو یوں لگتا ہے اب کُچھ بھی نہیں ہے
مہتاب نہ سوُرج، نہ اندھیرا، نہ سویرا
آنکھوں کے دریچوں میں کِسی حُسن کی جھلکن
اَور دِل کی پناہوں میں کِسی درد کا ڈیرا
مُمکِن ہے کوئی وہم ہو مُمکِن ہے سنا ہو
گلیوں میں کِسی چاپ کا اِک آخری پھیرا
شاخوں میں خیالوں کے گھنے پیڑ کی شاید
اب آکے کرے گا نہ کوئی خواب بسیرا
اِک بیر، نہ اِک مہر، نہ اِک ربط، نہ رِشتہ
تیرا کوئی اپنا نہ پرایا کوئی میرا

مانا کہ یہ سُنسان گھڑی سخت کڑی ہے
لیکن مِرے دل یہ تو فقط ایک گھڑی ہے
ہمّت کرو جینے کی ابھی عُمر پڑی ہے
(فیض احمد فیضؔ)

مُشکِل الفاظ اَور اُن کے معنی

dream	सपना	خواب
moon	चाँद	مہتاب
window	खिड़की	دریچہ
illusion	भ्रम	وہم
branch	शाख़ा / डाली	شاخ
affection	स्नेह, प्यार	مہر
coherence	संबंध	ربط
only	केवल	فقط
beloved, beauty	सुंदरता	حُسن
hard	कठोर	سخت
courage	साहस	ہمّت

Books for Urdu Diploma Course

English Medium

- ★ **Let's Learn Urdu**
  Beginner's Manual for Urdu Script
- ★ **Ibtedai Urdu**
- ★ **Aasan Urdu Shairi**
- ★ **URDU : Readings in Literary Urdu Prose**

Hindi Medium

- ★ उर्दू कैसे लिखें (उर्दू लिपि सीखने की बुनियादी किताब)
- ★ इब्तिदाई उर्दू
- ★ आसान उर्दू शाईरी
- ★ उर्दू : रीडिन्गस इन लिटरेरी उर्दू प्रोज़

कौमी काउन्सिल बराए फरोग–ए–उर्दू ज़बान
पश्चिम खंड नं 1, विंग नं 6, रा.कृ. पुरम, नई दिल्ली–110066

ISBN : 81-7587-068-0